سوال نمبر:485 منجانب صوبیہ شاہد صاحبہ رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواہ۔

نمبر شمار	سوال	جواب
	کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ	
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل معدنیات کے آسامی کے لئے (Engineering) کی ڈگری ضروری ہوتی ہے؟	جی نہیں۔ محکمہ معدنیات کے سروس رولز کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل معدنیات کے آسامی کے لئے (Engineering) کی ڈگری ضروری نہیں ہوتی ہے۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ ایبٹ آباد میں تعینات ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل کے ساتھ انجنیئر نگ کی ڈگری موجود نہیں ہے۔	جی یہ درست ہے کہ ایبٹ آباد میں تعینات ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل کے ساتھ انجنیئر نگ کی ڈگری موجود نہیں ہے۔
(ج)	اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو کس قانون کی تحت ڈپٹی ڈائیریکٹر کی پوسٹ پر نان ٹیکنیکل آفیسر کو تعینات کیا گیا ہے۔ تفصیل فراہم کریں۔	جیسا کہ سوال (الف) کے جواب میں بتایا گیا ہے کہ محکمہ معدنیات کے سروس رولز کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل معدنیات کے آسامی کے لئے (Engineering) کی ڈگری ضروری نہیں ہوتی ہے۔ چونکہ ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل معدنیات (BPS-18) کی آسامی پر تعیناتی مندرجہ ذیل گورنمنٹ آف خیبر پختونخواہ سروس ریکروٹمنٹ رولز آف ڈائریکٹریٹ جنرل مائنز اینڈ منرلز 2010 کے مطابق 100% پروموشن کے ذریعہ کی جاتی ہے۔ **(Sub-Rule(2) of Rule-3 of the Civil Servants (APT Rule-1989)** "By promotion, on the basis of seniority-cum-fitness, from amongst the Assistant Directors (Technical) (Mining Engineer)/Geologist/Assistant Directors (Royalty), with at least five years service as such". اس لئے مندرجہ بالا قانون کے تحت ایبٹ آباد میں ڈپٹی ڈائیریکٹر کی پوسٹ پر نان ٹیکنیکل آفیسر کی تعیناتی کی گئی ہے۔